

# ZIYARAT E ARBAEEN

## URDU

| | |
|---|---|
| اَلسَّلامُ عَلىٰ وَلِيِّ ٱللَّهِ وَحَبِيبِهِ | سلام ہو خدا کے ولی اور اس کے پیارے پر |
| اَلسَّلامُ عَلىٰ خَلِيلِ ٱللَّهِ وَنَجِيبِهِ | سلام ہو خدا کے سچے دوست اور چنے ہوئے پر |
| اَلسَّلامُ عَلىٰ صَفِيِّ ٱللَّهِ وَٱبْنِ صَفِيِّهِ | سلام ہو خدا کے پسندیدہ اوراس کے پسندیدہ کے فرزند پر |
| اَلسَّلامُ عَلىٰ ٱلْحُسَيْنِ ٱلْمَظْلُومِ ٱلشَّهِيدِ | سلام ہو حسین (ع) پر جو ستم دیدہ شہید ہیں |
| اَلسَّلامُ علىٰ اسِيرِ ٱلْكُرُبَاتِ وَقَتِيلِ ٱلْعَبَرَاتِ | سلام ہو حسین (ع) پر جو مشکلوں میں پڑے اور انکی شہادت پر آنسو بہے |
| اَللَّهُمَّ إِنِّي اشْهَدُ انَّهُ وَلِيُّكَ وَٱبْنُ وَلِيِّكَ | اے معبود میں گواہی دیتاہوں کہ وہ تیرے ولی اور تیرے ولی کے فرزند |
| وَصَفِيُّكَ وَٱبْنُ صَفِيِّكَ ٱلْفَائِزُ بِكَرَامَتِكَ | تیرے پسندیدہ اور تیرے پسندیدہ کے فرزند ہیں جنھوں نے تجھ سے عزت پائی |
| اكْرَمْتَهُ بِٱلشَّهَادَةِ وَحَبَوْتَهُ بِٱلسَّعَادَةِ | تونے انہیں شہادت کی عزت دی ان کو خوش بختی نصیب کی |
| وَٱجْتَبَيْتَهُ بِطِيبِ ٱلْوِلادَةِ | اور انہیں پاک گھرانے میں پیدا کیا |
| وَجَعَلْتَهُ سَيِّداً مِنَ ٱلسَّادَةِ وَقَائِداً مِنَ ٱلْقَادَةِ | تونے انہیں سرداروں میں سردار قرار دیا |
| وَذَائِداً مِنْ ٱلذَّادَةِ وَاعْطَيْتَهُ مَوَارِيثَ ٱلانْبِيَاءِ | پیشوائوں میں پیشوا، مجاہدوں میں مجاہد |
| وَجَعَلْتَهُ حُجَّةً عَلَىٰ خَلْقِكَ مِنَ ٱلاوْصِيَاءِ | اور انہیں نبیوں کے ورثے عنایت کیے |
| فَاعْذَرَ فِي ٱلدُّعَاءِ وَمَنَحَ ٱلنُّصْحَ وَبَذَلَ مُهْجَتَهُ فِيكَ | تونے ان کو اوصیائ میں سے اپنی مخلوقات پر حجت قرار دیا |
| لِيَسْتَنْقِذَ عِبَادَكَ مِنَ ٱلْجَهَالَةِ وَحَيْرَةِ ٱلضَّلالَةِ | تا کہ تیرے بندوں کو نادانی وگمراہی کی پریشانیوں سے نجات دلائیں |
| وَقَدْ تَوَازَرَ عَلَيْهِ مَنْ غَرَّتْهُ ٱلدُّنْيَا | جب کہ ان پر ان لوگوں نے ظلم کیا جنھیں دنیانے مغرور بنادیا تھا |

| | |
|---|---|
| وَبَاعَ حَظَّهُ بِٱلارْذَلِ ٱلادْنَىٰ | جنہوں نے اپنی جانیں معمولی چیز کے بدلے بیچ دیں |
| وَشَرَىٰ آخِرَتَهُ بِٱلثَّمَنِ ٱلاوْكَسِ | اور اپنی آخرت کے لیے گھاٹے کا سودا کیا |
| وَتَغَطْرَسَ وَتَرَدَّىٰ فِي هَوَاهُ | انہوں نے سرکشی کی اور لالچ کے پیچھے چل پڑے |
| وَاسْخَطَكَ وَاسْخَطَ نَبِيَّكَ | انہوں نے تجھے غضب ناک اور تیرے نبی (ص) کو ناراض کیا |
| وَاطَاعَ مِنْ عِبَادِكَ اهْلَ ٱلشِّقَاقِ وَٱلنِّفَاقِ | انہوں نے تیرے بندوں میں سے انکی بات مانی جو ضدی اور بے ایمان تھے |
| وَحَمَلَةَ ٱلاوْزَارِ ٱلْمُسْتَوْجِبِينَ ٱلنَّارَ | کہ اپنے گناہوں کا بوجھ لے کر جہنم کی طرف چلے گئے |
| فَجَاهَدَهُمْ فِيكَ صَابِراً مُحْتَسِباً | پس حسین (ع) ان سے تیرے لیے لڑے جم کر ہوشمندی کیساتھ |
| حَتَّىٰ سُفِكَ فِي طَاعَتِكَ دَمُهُ وَٱسْتُبِيحَ حَرِيمُهُ | یہاں تک کہ تیری فرمانبرداری کرنے پر انکا خون بہایا گیا اور ان کے اہل حرم کو لُوٹا گیا |
| اَللَّهُمَّ فَٱلْعَنْهُمْ لَعْناً وَبِيلاً وَعَذِّبْهُمْ عَذَاباً الِيماً | اے معبود لعنت کر ان ظالموں پر سختی کے ساتھ اور ان کو دردناک عذاب دے |
| اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُولِ ٱللَّهِ | آپ پر سلام ہو اے رسول (ص) کے فرزند |
| اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا بْنَ سَيِّدِ ٱلاوْصِيَاءِ | آپ پر سلام ہو اے سردار اوصیائ کے فرزند |
| اشْهَدُ انَّكَ امِينُ ٱللَّهِ وَٱبْنُ امِينِهِ | میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ خدا کے امین اور اسکے امین کے فرزند ہیں |
| عِشْتَ سَعِيداً وَمَضَيْتَ حَمِيداً | آپ نیک بختی میں زندہ رہے، قابل تعریف حال میں گزرے اور وفات پائی |
| وَمُتَّ فَقِيداً مَظْلُوماً شَهِيداً | وطن سے دور کہ آپ ستم زدہ شہید ہیں |
| وَاشْهَدُ انَّ ٱللَّهَ مُنْجِزٌ مَا وَعَدَكَ | میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا آپ کو جزا دے گا جس کا اس نے وعدہ کی |
| وَمُهْلِكٌ مَنْ خَذَلَكَ | اور وہ جس نے آپکا ساتھ چھوڑا اسکو تباہ کریگا |
| وَمُعَذِّبٌ مَنْ قَتَلَكَ | جس نے آپ کو قتل کیا، اس کو اذیت دیگا |
| وَاشْهَدُ انَّكَ وَفَيْتَ بِعَهْدِ ٱللَّهِ | میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا کی دی ہوئی ذمہ داری نبھائی |
| وَجَاهَدْتَ فِي سَبِيلِهِ حَتَّىٰ اتَاكَ ٱلْيَقِينُ | آپ نے اسکی راہ میں جہاد کیا حتی کہ شہید ہو گئے |
| فَلَعَنَ ٱللَّهُ مَنْ قَتَلَكَ وَلَعَنَ ٱللَّهُ مَنْ ظَلَمَكَ | پس خدا لعنت کرے جس نے آپکو قتل کیا، خدا لعنت کرے جس نے آپ پر ظلم کیا |
| وَلَعَنَ ٱللَّهُ امَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهِ | اور خدا لعنت کرے اس قوم پر جس نے یہ واقعہ شہادت سنا تو اس پر خوشی ظاہر کی |

اَللّٰهُمَّ إِنِّي اُشْهِدُكَ اَنِّي وَلِيٌّ لِمَنْ وَالاٰهُ
اے معبود میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ ان کے دوست کا دوست

وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاهُ
اور ان کے دشمنوں کا دشمن ہوں

بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَابْنَ رَسُولِ ٱللَّهِ
میرے ماں باپ قربان آپ پر اے فرزند رسولؐ

اَشْهَدُ اَنَّكَ كُنْتَ نُوراً فِي ٱلاَصْلاَبِ ٱلشَّامِخَةِ
میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ صاحب عزت صلبوں میں نور کی شکل میں ہیں

وَٱلاَرْحَامِ ٱلْمُطَهَّرَةِ
اور پاکیزہ رحموں میں

لَمْ تُنَجِّسْكَ ٱلْجَاهِلِيَّةُ بِاَنْجَاسِهَا
جنہیں جاہلیت نے اپنی نجاست سے آلودہ نہ کیا

وَلَمْ تُلْبِسْكَ ٱلْمُدْلَهِمَّاتُ مِنْ ثِيَابِهَا
اور نہ ہی اس نے اپنے بے ہنگم لباس آپ کو پہنائے ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ ٱلدِّينِ
میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ دین کے ستون ہیں

وَاَرْكَانِ ٱلْمُسْلِمِينَ وَمَعْقِلِ ٱلْمُؤْمِنِينَ
مسلمانوں کے سردار اور مومنوں کی پناہ گاہ ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ ٱلإِمَامُ ٱلْبَرُّ ٱلتَّقِيُّ
میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ امام (ع) ہیں نیک وپرہیزگار

ٱلرَّضِيُّ ٱلزَّكِيُّ
،پسندیدہ، پاک

ٱلْهَادِي ٱلْمَهْدِيُّ
رہبر اور ہدایت یافتہ

وَاَشْهَدُ اَنَّ ٱلاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ
اور میں گواہی دیتا ہوں کہ جو امام آپ کی اولاد میں سے ہیں

كَلِمَةُ ٱلتَّقْوىٰ
وہ پرہیزگاری کے ترجمان ہیں

وَاَعْلاَمُ ٱلْهُدىٰ وَٱلْعُرْوَةُ ٱلْوُثْقىٰ
ہدایت کے نشان محکم اور محکم ترین سلسلہ ہیں

وَٱلْحُجَّةُ عَلىٰ اَهْلِ ٱلدُّنْيَا
اور دنیا والوں پر خدا کی دلیل وحجت ہیں


وَاَشْهَدُ اَنِّي بِكُمْ مُؤْمِنٌ وَبِإِيَابِكُمْ
میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کا اور آپ کے بزرگوں کا ماننے والا

مُوقِنٌ بِشَرَايِعِ دِينِي وَخَوَاتِيمِ عَمَلِي
اپنے دینی احکام اور عمل کی جزا پر یقین رکھنے والا ہوں

وَقَلْبِي لِقَلْبِكُمْ سِلْمٌ
میرا دل آپکے دل کیساتھ پیوستہ

وَاَمْرِي لاَمْرِكُمْ مُتَّبِعٌ
میرا معاملہ آپ کے معاملے کے تابع

| | |
|---|---|
| وَنُصرَتِي لَكُمْ مُعَدَّةٌ | اور میری مدد آپ کیلئے حاضر ہے |
| حَتَّىٰ يَاذَنَ اللّٰهُ لَكُمْ | حتی کہ خدا آپکو اذن قیام دے |
| فَمَعَكُمْ مَعَكُمْ | پس آپکے ساتھ ہوں |
| لاَمَعَ عَدُوِّكُمْ | آپکے دشمن کیساتھ نہیں |
| صَلَوَاتُ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ | آپ پر خدا کی رحمتیں ہوں |
| وَعَلَىٰ اَرْوَاحِكُمْ وَاَجْسَادِكُمْ | آپ پر آپ کی پاک روحوں پر آپ کے جسموں پر |
| وَشَاهِدِكُمْ وَغَائِبِكُمْ | آپ کے حاضر پر آپ کے غائب پر |
| وَظَاهِرِكُمْ وَبَاطِنِكُمْ | آپ کے ظاہر اور آپ کے باطن پر |
| آمِينَ رَبَّ ٱلْعَالَمِينَ | ایسا ہی ہو جہانوں کے پروردگار۔ |



ARBAEEN
GLOBAL NETWORKING

AHLULBAYT
ASSOCIATION